مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

ماہنامہ القاسم جامعہ ابو ہریرۃ نوشہرہ۔اشاعت خاص نمبر ۱۱ تعارف وتبصرہ کتب یعنی حقانی تبصرہ۔

رشحات قلم: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: ۳۱۵ صفحات۔ قیمت: درج نہیں۔

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابو ہریرۃ خالق آباد نوشہرہ

حضرت مولانا عبدالقیوم صاحب حقانی زید مجدہ کو دوران تدریس دارالعلوم حقانیہ ماہنامہ الحق کی ادارت کی اضافی ذمہ داری بھی تفویض کی گئی تھی۔اداریہ نویسی کے ساتھ ساتھ الحق میں تبصرہ کے واسطے ارسال کردہ کتابوں پر آپ نقد اور تبصرہ بھی لکھا کرتے تھے۔آپکے تبصرے انتہائی جاندار اور مختصر ہونے کیساتھ جامع ہوتے اور الحق کے قارئین ان تبصروں تجزیوں اور معلومات آفرین اصلاحی تنقیدات سے خط وافر اٹھاتے۔اسی ہردلعزیزی کی وجہ سے ہر منصف اور مؤلف کی یہ خواہش اور کوشش ہوتی کہ آپ کے قلم سے اس کی کتاب یا تصنیف پر تبصرہ آجائے۔اس کے بعد جب آپ نے اپنے جامعہ سے ماہنامہ ''القاسم'' کا اجراء کیا تو آپ نے اسی تسلسل کو برقرار رکھا۔چنانچہ اب تک بلا مبالغہ سینکڑوں کتابوں پر آپ کے قلم سے مختلف تبصرے آئے ہیں۔اگران تمام مواد کو اکٹھا کیا جائے تو مولانا ماہر القادریؒ کے تبصروں ''میری نظر میں'' کی طرح ایک ضخیم کتاب بن جائے۔

زیر تبصرہ اشاعت خاص تعارف وتبصرہ کتب نمبر یعنی حقانی تبصرے اسی طرح کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ اس فن میں تنوع پیدا کرنے کیلئے آپ نے یہ انوکھا انداز اور نیا طریقہ نکالا کہ بجائے ہر ماہ کے مجلہ القاسم میں تبصرہ کے ہر بارھواں پرچہ تبصرہ کتب کیلئے مختص کردیا اور یہ اشاعت خاص اسی سلسلہ کا نقش اول ہے۔کتاب کے اندرونی ٹائٹل پر آپ نے بجا تحریر فرمایا ہے کہ اپنی نوعیت کی پہلی عظیم علمی دستاویز' رسائل وجرائد اور اسلامی صحافت کی دنیا میں پہلی رد کاوش اسکے ساتھ ساتھ آپ نے یوں تعارف کیا ہے۔فروع علم وادب ذوق مطال رترویج ساب کی ایک ادنیٰ سی کوشش قرآنیات تفسیر وحدیث فقہ واحکام حکیم ومصالح سیرت' خاندانِ نبوت' تذکار صحابہ' تذکرہ وتاریخ' سوانح درسی کتب' تعلیقات وشروحات مضامین ومقالات ومکتوبات مواعظ وخطبات رسائل وجرائد خصوصی اشاعتیں ادبیات اور ردِ فرق باطلہ اور دیگر اہم موضوعات پر ۲۰۰۶ء میں شائع ہونے والی ۲۰۰ کتابوں پر تبصرہ وتعارف تیرہ ابواب پر مشتمل